नामांक Roll No.

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | |

No. of Questions – **24**
No. of Printed Pages – **4**

# UP-72-उर्दू (T.L.)

## प्रारम्भिक शिक्षा पूर्णता प्रमाण-पत्र परीक्षा – 2017

## कक्षा – 8

## उर्दू – (तृतीय भाषा)

وقت : **2** گھنٹے **30** منٹ

کل نمبر : **80**

**طلبہ کے لئے ہدایات:**

(1) طلبہ/طالبات سب سے پہلے سوال کے پرچہ پر اپنا رول نمبر ضرور لکھیں۔

(2) سبھی سوالات لازمی ہیں۔

(3) ہر سوال کا جواب دی گئی کاپی میں ہی لکھیں۔

(4) ہر جواب سے پہلے اس کا صحیح سوال نمبر لکھیں۔

(5) سوالوں کے جوابات خوش خط میں لکھیں۔

مندرجہ ذیل سوالوں کے صحیح جواب دیجئے:

1. دل سے پیارا ہے **1**

(الف) گائوں (ب) شہر

(ج) وطن (د) ضلع

2. ناصرالدین کو دعوت دی تھی **1**

(الف) بادشاہ نے (ب) بلال سوداگر نے

(ج) پڑوسی نے (د) بھائی نے

.3 مندرجہ ذیل میں مرکب لفظ ہے: 1

(الف) خوش مزاج (ب) شخص

(ج) آفت (د) تفریح

.4 صبر کا پھل ہوتا ہے 1

(الف) میٹھا (ب) کھٹّا

(ج) چرکا (د) کڑوا

.5 مندرجہ ذیل اقتباسات میں سے کسی **ایک** کو پڑھ کر اُس کے نیچے دیے گئے سوالات کے جواب لکھئے: 6

(الف) 1944ء میں سبا لکشمی کی ملاقات گاندھی جی سے ہوئی۔ انھوں نے گاندھی جی کے لیے کئی بھجن گائے اور کئی فلاحی کاموں میں حصہ لیا۔ پنڈت جواہر لعل نہرو بھی سبا لکشمی کے قدردان تھے۔

(i) سبّا لکشمی کی ملاقات گاندھی جی سے کب ہوئی؟

(ii) سبّا لکشمی نے بھجن کس کے لیے گائے؟

(iii) سبّا لکشمی کے اور کون قدردان تھے؟

(ب) بو علی ابن سینا اس زمانے کے سائنسداں تھے جب اس علم نے زیادہ ترقی نہیں کی تھی۔ انھوں نے اپنی محنت، لگن اور ذہانت سے سائنس کو بہت فروغ دیا۔ ابنِ سینا بخاجا کے قریب ایک قصبے میں پیدا ہوئے۔

(i) بو علی ابنِ سینا کون تھے؟

(ii) انہوں نے سائنس کو فروغ کس طرح دیا؟

(iii) بو علی ابنِ سینا کہاں پیدا ہوئے تھے؟

.6 مندرجہ ذیل اقتباساتِ نظم میں سے کسی **ایک** کے سوالوں کے جواب لکھئے: 6

(الف) "یہ ہندوستاں ہے ہمارا وطن    محبت کی آنکھوں کا تارا وطن

ہمارا وطن دل سے پیارا وطن

(i) ہندوستاں کیا ہے؟

(ii) ہمارا وطن کس کی آنکھوں کا تارا ہے؟

(iii) یہ اقتباس کونسی نظم سے لیا گیا ہے؟

(ب) اِک بُڑھیا نے چڑیا پالی
ننّھی مُنی، بھولی بھالی
بڑھیا بیٹھی کھیر پکاتی
چڑیا بیٹھی گیت سُناتی

(i) بڑھیا نے کیا پالی تھی؟
(ii) بڑھیا کیا پکاتی تھی؟
(iii) چڑیا بیٹھ کر کیا کرتی تھی؟

7. نیچے دیے ہوئے لفظوں کو جملوں میں استعمال کرو: 3
انتظار - وعدہ - انعام

8. نیچے لکھے ہوئے الفاظ کے واحد لکھئے: 3
ہم جولیاں - کلیاں - چڑیاں

9. ضمیر کسے کہتے ہیں؟ 2

10. حسب ذیل الفاظ کے معنی بتایئے: 2
زرد - مخصوص - خشک - پرندہ

11. حسب ذیل لفظوں کے مترادف لکھئے: 2
مکان - گائوں - قصّہ - رئیس

12. موٗنث کے مذکر لکھئے۔ 3
عورت - بہن - والدہ

13. نیچے لکھے الفاظ کے متضاد لکھئے: 3
موت - آزادی - خراب

14. دعوت میں پہلی بار ناصرالدین کے ساتھ کیا سلوک کیا گیا؟ 3

15. لوک گیت کسے کہتے ہیں؟ 3

16. نظم ''جگنو'' میں 'پریوں کی برات جارہی تھی' سے کیا مطلب ہے؟ 3

17. خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے بھریے۔ 4

(i) قبیلے کے لوگ ان کی بڑی__________ کرتے تھے۔(عزّت / نفرت)

(ii) ''جلن پا اور بنگی پا'' نے اپنے ساتھیوں کو ہمیشہ__________ بڑھنے کی ترغیب دی۔(آگے / سامنے)

(iii) گارو تہذیب ہندوستان کی__________ ہے۔(شان / آن)

(iv) گارو قبیلہ اسے مقدس__________ مانتا ہے۔(زمین / جگہ)

18. سلمیٰ کی دماغی حالت کیوں خراب ہوگئی تھی؟ 4

19. اکبر نے بیربل سے کس بات کا وعدہ کیا تھا؟ 4

20. دِلّی والے مرچوں کا استعمال کس کس طرح کرتے ہیں؟ 4

21. جوڑ ملایئے: 4

| الف | ب |
|---|---|
| ستار نواز | پنڈت ہری پرساد چورسیا |
| شہنائی نواز | پنڈت کمار گندھرو |
| بانسری نواز | استاد اللہ خاں |
| گلوکار | استاد امجد علی خاں |
| سرود نواز | پنڈت روی شنکر |

22. سڑک پر چلنے کے کیا اصول ہیں؟ اور ہمیں اس پر عمل کرنا کیوں ضروری ہے؟ 4

23. اپنے ہیڈ ماسٹر صاحب کو بہن کی شادی میں شریک ہونے کی وجہ سے تین روز کی چھٹی کی درخواست لکھئے۔ 5

24. مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی **ایک** عنوان پر مضمون لکھئے: 8

(i) عید　　(ii) یومِ آزادی

(iii) ماحولیات　　(iv) سڑک حادثوں سے حفاظت

---